براہوئی گرامر

مصنف

آغا نصیر خان احمدزئی، بی اے تمغہ امتیاز

براہوئی اکیڈمی (رجسٹرڈ) پاکستان کوئٹہ

براہوئی گرامر

آغا نصیر خان احمد زئی، بی اے تمغہ امتیاز

قیمت ۳۰۰ رُپے

تعداد ۱۰۰۰

اشاعت اول ۲۰۰۹ء

اشاعت دوم ۲۰۱۴ء

کمپوزنگ الجمیل کمپوزنگ سینٹر کوئٹہ 0300-3898601

پریس یونائیٹڈ پریس سیٹھ اسماعیل روڈ کوئٹہ

چھاپفوک براہوئی اکیڈمی (رجسٹرڈ) پاکستان

پوسٹ بکس نمبر 563 جی پی او کوئٹہ

انتساب

نامور جنگجو کمانڈر اور نشاط ثانیہ کے ہیرو

خان میر بجار خان کے نام

مہشون

اظہار خیال

آغا نصیر خان احمد زئی ریاست قلات کے شاہی خاندان سے تعلق رکھتے ہیں۔ آپ کے والد بزرگوار کا نام آغا میر سکندر خان ہے۔ تعلق حسب و نسب قلات سے ہونے کی وجہ سے خان میر خدائے داد خان کے بعد خان محمود خان کے تمام شاہی افراد کو گرفتار کر کے کوئٹہ میں نظر بند کیا گیا اور آغا صاحب اسی نظر بندی کے دوران ہی ۱۹۱۶ء کوئٹہ میں پیدا ہوئے۔ احمد زئی قبیلہ قمبرانڑی کی ایک شاخ ہے یہ واضح رہے کہ احمد زئی قبیلے ہی کی حکومت ریاست قلات میں ایک عرصہ تک رہی۔

ابتدائی تعلیم میٹرک تک سنڈیمن ہائی اسکول کوئٹہ میں حاصل کی۔ میٹرک ۱۹۳۵ء میں پاس کرنے کے بعد اس وقت بلوچستان میں ہائیر ایجوکیشن کا انتظام نہ ہونے کی وجہ سے لاہور چلے گئے۔ چنانچہ اسلامیہ کالج لاہور سے ایف اے کیا اور ایف سی کالج سے ۱۹۴۱ء میں بی اے کا امتحان پاس کیا۔ اس زمانے میں بلوچستان کے دو حصے تھے۔ ایک برٹش بلوچستان اور دوسرا ریاست قلات کہلاتا تھا۔ آغا چونکہ ریاست قلات کے باشندے تھے اور احمد زئی خاندان کے واحد اور پہلے گریجویٹ تھے۔ آپ نے ملازمت اختیار کر لی۔ ابتداء میں نائب تحصیلدار اور ناظم ہونے کے بعد حاکم اعلیٰ مقرر ہوئے۔ اسی زمانے میں ناظم اعلیٰ اے سی کے بعد حاکم اعلیٰ ڈی سی کے عہدے کے برابر تھا۔ جب آغا صاحب حاکم اعلیٰ تھے تو پاکستان وجود میں آیا۔ چنانچہ ۱۹۴۷ء سے ۱۹۵۷ء تک شاہی دربار قلات کے وزیر دربار رہے۔ سکندر مرزا کی پالیسی کی مخالفت اور ریاستوں کے حقوق کی پامالی کے پیش

نظر اختلافات کی وجہ سے آپ کو سبکدوش کیا گیا۔ قیام پاکستان کے بعد تک آپ بھی قلات کے ڈی سی رہے۔

بلوچستان میں دیرینہ خدمات' قابلیت' لیاقت' تجربہ اور تدبر کی بناء پر آپ کو ۱۹۷۲ء میں بلوچستان ٹیکسٹ بک بورڈ کا چیئرمین مقرر کیا گیا۔ لیکن نامساعد حالات اور صوبائی حکومت کی تبدیلی کے فوراً بعد آپ کو ۱۹۷۳ء میں سبکدوش کردیا گیا۔ پھر ۱۹۷۶ء میں بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن کے چیئرمین مقرر ہوئے۔ لیکن بعض نامساعد حالات کی بناء پر ۱۹۷۸ء میں مستعفی ہوگئے۔

قلات شہر میں آپ کی زمینداری ہے۔ اور معزز سماجی کارکن ہونے کے ساتھ ساتھ ایک مستند تاریخی شخصیت بھی مانے جاتے ہیں۔ آج کل ایوان قلات سریاب میں قیام پذیر ہیں۔ ادبی خدمات کے سلسلے میں بچپن ہی سے شوق رکھتے تھے۔ لیکن ۱۹۵۶ء سے باقاعدہ لکھنا شروع کی۔ آپ کو بیک وقت براہوئی اور بلوچی دونوں زبانوں پر مکمل دسترس حاصل ہے۔ جس کی وجہ سے انگریزوں کے بعد آپ پہلے مقامی شخص ہیں جنھوں نے براہوئی اور بلوچی کی مکمل گرائمر کی کتاب لکھی۔ جس کا نام ''بلوچی براہوئی لوز راھبند'' ہے۔ یہ کتاب بلوچی اکیڈمی کی جانب سے چھپی ہے۔ ایک اور کتاب جو اکیڈمی ہی نے چھاپی ہے اس کا نام ہے ''بلوچی کار گونگ'' یعنی بلوچی کے مصادر جو براہوئی' بلوچی' اردو اور انگریزی میں ہے اس کے علاوہ آغا نصیر خان احمدزئی کی بہت سی کتابیں مکمل ہیں یا زیر طبع ہیں۔ ان میں ایک بلوچی ڈکشنری ہے جو چار زبانوں براہوئی' بلوچی' اردو اور انگریزی میں ہے۔ بلوچی براہوئی کا گرائمر انگلش ایڈیشن بھی مکمل ہے۔ ریاست قلات کے ممتاز شاہی خاندان سے تعلق رکھنے کی وجہ سے بلوچستان کے تاریخی ادوار اور تاریخی حقائق کی جانب توجہ دیتے ہوئے ایک ایسی عظیم الشان ضخیم کتاب مرتب کی ہے جو آٹھ جلدوں پر مشتمل ہے۔

آپ ریڈیو اور ٹیلی ویژن کے براہوئی بلوچی پروگراموں میں بھی حصہ لیتے رہے ہیں۔ آپ کے مشاغل میں بلوچستان کے گوشہ ادوار کے بارے میں تاریخی معلومات کی تصویریں جمع کرنا بھی شامل ہے اور اس وقت بھی لاتعداد تصاویریں جمع کی ہیں اور آپ براہوئی' بلوچی' اردو' فارسی اور انگریزی زبانیں روانی سے بول اور لکھ سکتے ہیں۔ یہ واضح رہے کہ آغا صاحب' خان صاحب مرحوم میر احمد یار خان احمدزئی سابق گورنر بلوچستان کے چچازاد بھائی اور داماد بھی ہیں اور شاہی خاندان ریاست قلات کے چشم و چراغ ہیں۔

فقط والسلام

ڈاکٹر ایم صلاح الدین مینگل

ایڈووکیٹ سپریم کورٹ

چیئرمین براہوئی اکیڈمی پاکستان

درشانِ خیال

براہوئی کو اپنی ہی دھرتی پر ایک خیانتی سیاسی سوچ کی وجہ سے سخت متعصّبانہ اور مخاصمانہ رویہ کا سامنا رہا ہے۔ جس کے نفسیاتی اثر کی وجہ سے براہوئی سے اپنے ہی لوگوں نے سوتیلے ماں جیسی رویہ روا رکھا۔ اپنوں نے ہی مذکورہ مذموم سیاسی سوچ کی وجہ سے براہوئی کو نظر انداز کیا اور براہوئی کو لوگوں میں کمتر پیش کرنے کی مذموم کوشش کی۔ مختلف حوالوں سے براہوئی کا تمسخرہ اُڑایا گیا۔ لوگوں کے ذہنوں میں بھر دیا گیا کہ براہوئی کی کوئی گرامر نہیں۔ گویا براہوئی زبان بغیر گرامر کے بولی جاتی ہے۔ جو ایک غیر منطقی' بے تکی اور جاہلانہ سوچ ہے۔

چونکہ براہوئی زبان ''براہوئی خوانین'' کے دور سے لے کر اب تک ذریعہ تعلیم اور درباری یا دفتری زبان نہیں رہا ہے۔ اس لیے عام طور پر لوگوں کو اس بارے میں علم نہیں کہ دنیا میں کوئی بھی ایسی زبان نہیں جس کا کوئی گرامر نہ ہو۔ براہوئی تو ایک قدیم ترین عوامی اور کروڑوں لوگوں کی زبان ہے۔ بغیر گرامر یعنی بغیر صرفی و نحوی قواعد اور اصولوں کے اتنے سارے لوگوں کو براہوئی زبان کیسے سمجھ آتی ہے؟ کیا ایسے غیر منطقی اور متعصّبانہ باتیں کرنے والوں کی دلوں میں براہوئی کے بارے میں کدورتیں اور نفرتیں موجود نہیں۔

ایک دانشور کا قول ہے کہ جسے اپنی مادری زبان سے محبت نہیں' وہ اپنی ماں سے محبت نہیں کر سکتا اور جسے اپنی ماں سے محبت نہیں اس کا کسی سے بھی محبت کرنے کا دعویٰ باطل اور جھوٹا ہوتا ہے۔

براہوئی زبان کی گرامر سب سے پہلے ایک انگریز مستشرق لیفٹینٹ آر لیچ نے ۱۸۳۸ء میں لکھی اور جنرل ایشیاء ٹک سوسائٹی آف بنگال میں شائع کروائی۔ ۱۹۰۰ء میں اس کی ایک ایڈیشن ایک کتابچے کی صورت میں منشی گلاب سنگھ اینڈ سنز نے لاہور سے شائع کی۔ ۲۰۰۱ء میں غلام مصطفیٰ سولنگی نے لیفٹینٹ آر لیچ کی مذکورہ بالا کتاب کو ''براہوئی گرامر'' کے نام سے ترجمہ کیا اور نذیر شاکر براہوئی نے اس میں مقدمہ، تصحیح، تعلیقات، اور حواشی لگا کر براہوئی اکیڈمی پاکستان کوئٹہ سے شائع کروایا۔(۱) ۱۸۷۳ء میں ہنری والٹر بیلیو کی کتاب ''سندھ سے دجلہ تک'' شائع ہوئی۔ جس میں صفحہ نمبر ۴۷۳ سے ۴۹۳ تک براہوئی زبان کی فرہنگ اور گرامر درج تھی۔(۲)

مشن ہسپتال کوئٹہ کے ڈاکٹر رانی ہالینڈ کے ذاتی کتب خانے میں بھی براہوئی زبان کی مختصر گرامر مع لغت کا ایک قلمی نسخہ موجود ہے۔(۳)

۱۸۷۷ء میں مولوی اللہ بخش زہری مدرس فارسی ہائی سکول کراچی نے انگریزوں کو براہوئی سکھانے کے لیے ''ہینڈ بک آف دی براہوئی لینگویج'' لکھی جس میں براہوئی گرامر کا حصہ بھی شامل ہے۔

۱۸۸۰ء میں جرمن ڈاکٹر ٹرمپ میونخ یونیورسٹی میں لسانیات پر دو کتابیں لکھیں ان میں براہوئی زبان اور گرامر پر تحاریر موجود ہیں۔(۴)

۱۸۸۵ء میں پادری میئر نے براہوئی گرامر اور ڈکشنری پر مشتمل ایک کتاب لکھی۔(۵)

۱۸۸۷ء میں ڈاکٹر تھیوکاڈور جنرل ایشیاء ٹک سوسائٹی کی نئی سیریز میں براہوئی گرامر پر ایک مضمون شائع کروائی۔

۱۸۹۴ء میں سنڈیمن ہائی سکول کوئٹہ میں فارسی کے استاد مولوی ابوتراب نے نستعلیق رسم الخط میں ''نقد ذہانت'' کے نام سے براہوئی گرامر شائع کروائی۔ جو قابل ذکر اور اہمیت کا حامل ہے۔ یہ براہوئی زبان کی نستعلیق رسم الخط میں پہلی گرامر ہے۔ اس کتاب کی دوسری ایڈیشن ۲۰۰۸ء میں براہوئی اکیڈمی پاکستان نے شائع کی ہے۔

۱۹۰۶ء میں اے گرائرسن نے کلکتہ سے شائع ہونے والا رسالہ ''لینگوئسٹک سروے آف انڈیا'' میں براہوئی گرامر پر ایک مضمون شائع کروائی۔'' (۶)

۱۹۰۷ء میں رائے بہادر دیوان جمعیت رائے ''نوٹس آن دی اسٹڈی آف براہوئی لینگویج'' کتاب شائع کروائی جس کا پہلا حصہ براہوئی گرامر پر مبنی ہے۔

۱۹۰۹ء میں سرڈینس برے نے براہوئی قواعد اور اصولوں پر مبنی کتاب ''دی براہوئی لینگویج انٹروڈکشن اینڈ گرامر'' لکھی۔

۱۹۳۲ء میں فرانسیسی زبان میں براہوئی گرامر لکھی گئی ہے اور ۱۹۶۲ء میں ایم بی ایمینیو نے اپنی کتاب ''براہوئی اور دراوڑی زبانوں کے تقابلی قواعد'' میں براہوئی زبان کے قواعد سے بحث کی گئی ہے۔ (۷)

مقامی علماء اور دانشوروں میں مولوی اللہ بخش زہری ۱۸۷۷ء اور مولوی ابوتراب ۱۸۹۴ء کے بعد مولانا عبدالغفور درخانی نے ۱۹۵۸ء میں قاعدہ براہوئی اور ۱۹۶۸ء میں براہوئی گرامر مع بول چال حصہ دوم کتابچوں کی صورت میں لکھی ہے۔ جس میں براہوئی کے ساتھ اردو، بلوچی اور انگریزی گرامر بھی شامل کیا ہے۔ جس کی وجہ سے اس میں شامل کسی بھی زبان کی گرامر سے انصاف نہیں کیا جا سکا ہے۔ اسی طرح ۱۹۶۷ء میں آغا نصیر خان احمد زئی نے بھی بلوچی براہوئی گرامر شائع کی۔ جو دو زبانوں میں ہونے کی وجہ سے انتشار کا شکار رہا ہے۔ براہوئی گرامر کے سلسلے میں پہلی باقاعدہ کاوش ۱۹۷۱ء میں پیر محمد زبیرانی لہڑی نے کی

ہے انہوں نے ”براہوئی اردو آسان گرامر“ لکھ کر براہوئی ادبی اکیڈمی شاہ کشا روڈ کوئٹہ سے شائع کروائی ہے۔

براہوئی گرامر کے حوالے سے ظفر مرزا کی لکھی ہوئی کتاب ”براہوئی گرامر“ قابل زکر ہے جسے براہوئی اکیڈمی نے ۱۹۸۰ء میں چھاپی ہے۔ جس سے براہوئی گرامر سے استفادہ کرنے کے خواہش مند فیض یاب ہوسکتے ہیں۔

۱۹۸۹ء میں اردو، براہوئی اور بلوچی سیکھنے کے غرض سے عبدالصمد شاہین سورابی نے ایک کتاب ”ہیل و بلد“ کے نام سے تصنیف کی ہے۔ جس میں باقی دو زبانوں کے ساتھ براہوئی گرامر بھی شامل ہے۔

نصیر خان احمد زئی کی زیر نظر ”براہوئی گرامر“ کی ایک خوبی یہ ہے کہ اس میں صرف براہوئی گرامر سے بحث کی گئی ہے۔ اس لیے یہ زود فہم اور آسان ہے۔ اس میں توجہ صرف براہوئی گرامر پر مرکوز رہا ہے اور آسانی سے سمجھ جا سکتا ہے۔ چونکہ نصیر خان احمد زئی کا تعلق براہوئی خوانین خانوادہ سے ہے۔ وہ ایک عالم فاضل اور دانشور ہے۔ براہوئی ان کی نسلی اور مادری زبان ہے۔ اس لیے انہوں نے زیر نظر کتاب ”براہوئی گرامر“ میں براہوئی سکھانے کی غرض سے اسے اسباق میں تقسیم کیا ہے۔ ہر ایک سبق میں براہوئی صرف ونحو کے کسی ایک قاعدے کو سمجھانے کی غرض سے پیش کی ہے۔ جس سے براہوئی صرف ونحو کے قواعد کو سمجھنے میں کافی آسانی پیدا ہوئی ہے۔ براہوئی زبان کی صرفی ونحوی قواعد کو سمجھنے کے خواہش منداس سے آسانی سے مستفید ہوسکتے ہیں۔

سوسن براہوئی

ممبر مسودہ کمیٹی

براہوئی اکیڈمی کوئٹہ

ح

حوالے

۱۔ پرکاڑی نوراحمد،''براہوئی ادب''براہوئی اکیڈمی پاکستان کوئٹہ، باردوم، ۲۰۰۸ء، ص ۲۵۶

۲۔ جاوید اختر پروفیسر، تبصرہ''براہوئی زبان کی ایک نایاب گرامر'' (نقد ذہانت از مولوی ابوتراب) براہوئی اکیڈمی پاکستان کوئٹہ، ۲۰۰۸ء، ص ص ۱۵، ۱۴

۳۔ براہوئی عبدالرحمٰن ڈاکٹر''براہوئی زبان وادب کی مختصر تاریخ'' مرکزی بورڈ لاہور، ۱۹۸۲ء، ص ص ۱۸۱ تا ۱۸۲

۴۔..................ایضاً..................

۵۔ ایثر شاہواڑی عبدالقادر،''براہوئی خود سیکھیے'' تھرڈ ورلڈ پبلی کیشنز کوئٹہ، نومبر ۱۹۹۴ء، ص ۱۳

۶۔ پرکاڑی نوراحمد،''براہوئی ادب''براہوئی اکیڈمی پاکستان کوئٹہ، باردوم، ۲۰۰۸ء، ص ۲۵۶

۷۔..................ایضاً..................

دیباچہ

زیرِ نظر کتاب براہوئی زبان کی گرامر یا صرف ونحو کی دوسری ایڈیشن ہے۔ پہلی ایڈیشن ۱۹۶۷ء میں چھاپا گیا تھا۔ چونکہ پہلی ایڈیشن کی تمام کاپیاں ختم ہو چکی ہیں۔ اور اس کی مانگ دن بدن بڑھ رہی ہے۔ لہٰذا یہ دوسرا ایڈیشن اسی طلب کو پورا کرنے کے لیے لکھا گیا ہے۔ جیسے کہ پہلے ایڈیشن کے دیباچے میں عرض کیا گیا تھا کہ کسی زبان کو سیکھنے کے لیے یہ امر ضروری ہے کہ سیکھنے والے کو اس زبان کی صرف ونحو سے کماحقہ واقفیت حاصل کرنا چاہیئے۔ چونکہ براہوئی زبان کو سیکھنے کے لیے کوئی مستند اور مفید صرف ونحو کی کتاب موجود نہیں تھا۔ لہٰذا اس وقت کا احساس کرتے ہوئے میں نے براہوئی زبان کی صرف ونحو کے قواعد کے ترتیب وتسوید کا سلسلہ شروع کیا۔ گو کہ انگریزی دور میں انگریز عالموں نے اس زبان کے متعلق کافی تحقیق کی ہے۔ مگر وہ سب علم صرف ونحو کے قواعد سے خالی ہیں۔ اگر کہیں قواعد کا کچھ تذکرہ ہے وہ اتنی کافی نہیں کہ اس زبان کے سمجھنے اور سیکھنے میں کوئی خاص مدد مل سکے۔

پہلے ایڈیشن میں براہوئی زبان کے صرف ونحو کے مسودے کو چھاپنے سے پہلے جانچنے کے لیے ملک محمد پناہ صاحب (وائس چیئرمین بلوچی اکیڈمی) کے خدمت میں پیش کیا تھا۔ چنانچہ ملک موصوف نے ہمارے درخواست کو شرف قبولیت بخش کر پہلے ایڈیشن کی جانچ پڑتال کی۔ جسے بعد میں چھاپا گیا۔ میں ملک صاحب کے اس کاوش کا تہہ دل سے مشکور ہوں۔ اس دوسری ایڈیشن میں طرز تحریر پہلے ایڈیشن سے بالکل مختلف ہے۔ دوسری

قواعد کو تفصیل سے بیان کیا گیا ہے۔ تیسری اُمثال زیادہ دی گئیں ہیں۔ تا کہ سیکھنے والے کو سیکھنے میں کوئی کمی محسوس نہ ہو۔

آخر میں براہوئی سے دلچسپی رکھنے والے صاحب علم و ذوق حضرات کی خدمت میں یہ گذارش کروں گا کہ اگر اس کتاب کا بغور ملاحظہ کرنے کے بعد ان کو اس میں کچھ خامیاں معلوم ہوں تو از راہ نوازش مجھے اُن سے ضرور مطلع فرمائیں تا کہ آئندہ ایڈیشن شائع ہونے کے وقت ان خامیوں کا ازالہ کیا جا سکے۔

نیک تمناؤں کے ساتھ

نصیر خان احمد زئی

۱۸ اسریاب روڈ، کوئٹہ

ز + ح + ط + ی
۷ ۸ ۹ ۱۰

لفظ = (لوز) مختلف حرفوں کے مجموعے کو لفظ کہتے ہیں۔
مثلاً۔ (سُنگ) ایک لفظ ہے۔ جو حروف (س۔
ن۔گ) سے مل کر بنا ہے۔

حرکات = (جوڑلفوک) یہ حرکات تین ہیں۔ زَبَر۔ زیر۔
پیش۔ یہ علامات یوں لکھی جاتی ہیں۔

(۱) (زَبَر یا فتحہ = ـَـ) یہ علامت حرف کے
اوپر لکھی جاتی ہے۔
مثلاً = (کَتَر) بہ معنی (بہرا)

(۲) (زیر یا کسرہ = ـِـ) یہ علامت حرف کے
نیچے لکھی جاتی ہے۔
مثلاً = (زِبِر) بہ معنی (کھردرا)

(۳) (پیش یا ضمہ = ـُـ) یہ علامت حرف کے اوپر
چھوٹے واو کی صورت میں لکھی جاتی ہے۔
مثلاً = (دُخ) بہ معنی (دُھند)

مُتحرک = (جوڑوکا) ہر وہ حرف جس پر کوئی حرکت یا علامت
ہوگی مُتحرک کہلائیگا۔

براہوئی

چند ضروری اصطلاحات

حروف۔ (آب یا حرف) حرف کی جمع ہے۔ یہ وہ تحریری علامات ہیں۔ جو ہم اپنے منہ سے نکلنے والی مختلف آوازوں کے لئے مقرر کرتے ہیں۔

مثلاً۔ ا۔ ب۔ ج۔ د وغیرہ

حروف تہجی۔ (ا) سے لیکر (ی) تک۔ حروف کی عام ترتیب کو حروف تہجی کہتے ہیں۔

مثلاً۔ ا۔ ب۔ پ۔ ت۔ ٹ۔ ج۔ چ۔ ح۔ خ وغیرہ۔

حروف ابجد۔ قیمتوں کے لحاظ سے حروف کی ترتیب کو حروف ابجد کہتے ہیں۔

مثلاً۔ ا/۱ + ب/۲ + ج/۳ + د/۴ ہ/۵ + و/۶ +

نیچے دیئے ہوئے الفاظ کے پہلے حروف مُتحرِک ہیں۔
مثلاً: کَرّ (بہرا) ۔ زِبر ۔ (کھُردُرا) ۔ مُچ (دُھند)

سَاکن = (سَلوک) وہ حرف جس پر حرکت نہ ہو ۔ اور اُس کے ما قبل (پہلا حرف) حرف مُتحرِک ہو۔
مثلاً ۔ گپ ۔ (بات) حرف (گ) مُتحرِک اور حرف (پ) ساکن ہے ۔

جزم یا سکون = (سلوکی) (جزم = ے) سکون کے نشان کو جزم کہتے ہیں۔ جو اوندھا دال نما (د) نشان ہوتا ہے ۔ یہ اُس حرف پر لگایا جاتا ہے ۔ جس پر حرکت کی علامت نہ ہو۔
مثلاً: گپ (بات)

موقوف = اگر دو ساکن حروف اکٹھے ہو جائیں۔ تو دوسرے ساکن حروف کو موقوف کہتے ہیں۔
مثلاً: کَست ۔ (دشمنی) کَسْت کے لفظ میں دوسرا حرف (س) ساکن اور (ت) موقوف کہلائیگا۔

ماقبل (موتا) وہ حرف جو دوسرے حرف سے پہلے ہو۔ اُسے ماقبل کہتے ہیں۔
مثلاً ۔ (کَر) میں حرف (ر) کا ماقبل (ک) ہے ۔

مابعد = (رَندی) وہ حرف جو پہلے حرف کے بعد واقع ہو۔ اُسے مابعد کہتے ہیں۔

مثلاً = لفظ مَش (پہاڑ) میں حرف (ش) حرف (م) کا مابعد ہے۔

تنوین = (اِرا جوڑوک) جب کسی حرف کے آخر میں دو زبریں یا زیریں یا دو پیشیں) آئیں۔ اور اِن سے نون کی آواز پیدا ہو، اِسے تنوین کہتے ہیں۔ تنوین ہمیشہ عربی الفاظ پر آتی ہے۔

مثلاً = نسلاً۔ فعلاً۔ قولاً۔

تشدید = (اِرا واری) ایک ہی حرف کو دوبارہ باہم ملا کر پڑھنے کو عربی میں تشدید اور براہوی میں (اِرا واری) کہتے ہیں۔

مثلاً = بِرّڑ۔ (کیچڑ) پِرّک (پروانہ) کرّک (کنارہ)

ان تینوں الفاظ میں (ر اور ڑ) متشدد ہے۔

شَد = (اِرا وار) علامت تشدید ّ کو شَد کہتے ہیں۔

مَد = (مرغوناغ) یہ علامت جو براہوئی میں عموماً الف کے اوپر استعمال ہوتی ہے۔

اُسے کھینچ کر پڑھا جاتا ہے ۔ اِس کی شکل یہ (آ) ہوتی ہے۔
اِسے مد کہتے ہیں۔

مثلاً = آخہ (نہیں)۔ آدینک ۔ (آئینہ)

واوِ مجہول (سلوکا واو) = وہ ساکن واو ہے۔ جس کے ما قبل یا پہلے
حرف کی حرکت پیش نہ ہو۔

مثلاً = موکل ۔ (رخصت) ۔ مودہ (مرثیہ) خوار (منکا)

واوِ معروف = (مالوم وارا واو) = وہ ساکن واو ہے ۔ جس کے ما قبل
یعنی پہلے حرف کی حرکت پیش ہو۔

مثلاً = لُوٹڑ ۔ (گرد) ۔ بُوزر (تھوتھنی) مُورک (مسام)

یائے معروف = (مالوما یا) وہ ساکن (ی) ہے ۔ جس کے پہلے حرف
کے نیچے زیر ہو اور مِل کر پڑھی جائے ۔

مثلاً = مِیر (امیر) ہِیٹ (بہن) ، بِیٹر (حملہ)

یائے مجہول = (سلوکا یا) وہ ساکن (ی) ہے ، جس کے ما قبل یعنی پہلے
کے نیچے حرف زیر نہ ہو ۔ اور کھل کر نہ پڑھی جائے ۔

مثلاً = ڈیر ۔ (انبار) سیر ۔ (رجھا ہوا) بیر (بدلہ)

ہائے مختفی = (ڈکوکا ہا) وہ (ہ) ہے ۔ جو صاف طور پر پڑھنے میں
نہ آئے بلکہ صرف اپنے پہلے حرف کی حرکت کو
ظاہر کرے۔

مثلاً = خامہ (کچا) سُرمہ (سُرمہ)

حَذف = (دِبّنگ) عبارت میں سے کسی لفظ کو یا لفظوں میں سے کسی حرف کے گرا دینے کو حَذف کہتے ہیں۔

مثلاً = دست گیر۔ (قید کرنا) دستگیر (قید کرنا) بُونسر (تھوتھنی) سے (بوز) تھوتھنی پہلے حرف کی درمیانی (ت) اور دوسرے حرف کی درمیان (ن) کو حَذف کر دیا گیا ہے۔

ادغام = (ادار کَننگ)۔ دو ہم مخرج یا ہم جنس حرف کو ملا کر پڑھنے کو ادغام کہتے ہیں۔

مثلاً = بِرتر سے بَتّر۔

حروف عامل = (بدل کروک) = یہ وہ حروف ہیں۔ جن کی وجہ سے کلمات کے آخر میں کچھ تغیر عمل میں آتا ہے۔

مثلاً = خدا = (خدا) سے خدایا۔ کریم سے کریما۔

صِیغہ = (ودڑسورت) = لفظ کی ہیئت یا ساخت کو کہتے ہیں۔

علم صرف ونحو = (لوذ راہبند) = یہ علم اُن قواعد سے مُتعلق ہے۔ جو ایک صحیح زبان کو وجود میں لاتے ہیں۔ جکی وجہ سے ہم براہوئی زبان کو صحیح طور پر بول اور لکھ سکتے ہیں۔

علم ہجا = (اب یا حرف چاہنگ) یہ علم زبان کی ابجد اور

اعراب کے متعلق ہے۔ اور اِنہی کی ماہیت اور موذنیت کو بیان کرتا ہے۔ اور حروف کو ملا کر اُنکے تلفظ کرنے کے انداز کو بیان کرتا ہے۔

اولیکو ہیل یا سبخ — پہلا سبق

براہوئی زبان کے رسم الخط کے لئے اب تک کوئی نئے حروف تہجی وضع نہیں کئے گئے ہیں۔ اس میں عربی و فارسی ہی کے حروف تہجی استعمال ہوتے ہیں۔ اِن میں سے تین عربی زبان کے تین ہندی کے اور چوبیس حروف فارسی زبان کے ہیں۔ ایک حروف براہوئی زبان کی اپنی ہے۔ جو براہوئی زبان کے باز الفاظ میں استعمال کی جاتی ہے۔ اس حرف کے ساتھ کل حروف تہجی اکتیس بنتے ہیں۔

فارسی زبان کے حروف = ا۔ ب۔ پ۔ ت۔ ج۔ چ۔ ح۔ خ۔
د۔ ر۔ ز۔ ژ۔ س۔ ش۔ غ۔
ف۔ ک۔ گ۔ ل۔ م۔ ن۔ ں (غنہ)
و۔ ہ۔ ی۔

عربی زبان کے حروف = ذ۔ ځ۔ ع
ہندی زبان کے حروف = ٹ۔ ڈ۔ ڑ
براہوئی زبان کی حرف = ڻ

براہوئی زبان کی اس حرف کی مزید تشریح نیچے ملاحظہ فرمائیں۔

یہ براوی زبان کی خاص حرف ہے۔ جو بلوچی زبان میں استعمال نہیں ہوتی۔ اِس حرف کا تلفظ کرنا غیر اہل زبان کے لئے خاصا مشکل ہے۔ اور اس حرف کی ایک اور خصوصیت یہ ہے۔ کہ یہ ہمیشہ الفاظ کے آخر میں استعمال ہوتا ہے۔ تب جا کر اِس کی تلفظ کرنا ممکن ہو سکتا ہے۔ تلفظ کرتے وقت اِس حرف کی آواز قریب قریب (ل + ٹ + ح) کے آوازوں کو ملا کر ایک خاص قسم کی آواز ہوتی ہے۔

اس لفظ کی صحیح تلفظ کرنے کا طریقہ

ہم اپنے زبان کے نوک کو موڑ کر۔ تالو کے کنارے تک لے جاتے ہیں۔ اور زبان کے پُشت کو دانتوں کے مسوڑوں پر ٹیک دے کر۔ مُنہ کو بند کر کے۔ مُنہ کے کنارے سے زور سے آواز نکالتے ہیں۔ تب جا کر اس حرف کا صحیح تلفظ ہوتا ہے براہوئی زبان کی چند الفاظ میں استعمال ہوتا ہے۔ جن کی تعداد گیارہ ہے۔

اِن الفاظ کا چارٹ ملاحظہ ہو۔

اردو معنی	براہوئی اسما جنکے پیچھے یہ حرف آتا ہے	نمبر شمار
دھواں	موتّ	۱
درد	خَتّ	۲
بیٹا	مَتّ	۳
دُمبی	میتّ	۴
بچھو	تیتّ	۵
موسم سرما	بسیتّ	۶
مکھی	ہیتّ	۷
دودھ	پاتّ	۸
تازہ دُودھ	پرُواتّ	۹
	خرَواتّ	۱۰
بُخار	راتّ	۱۱

اِن گیارہ الفاظ کے علاوہ براہوئی زبان کی ان چار مصادر کے صیغہ فعل اَمر یہ بتاتے وقت فارسی (ل) براہوئی (لّ) سے بدل جاتی ہے۔ اور ساتھ تلفظ بھی بدلتا ہے۔

مثال

براہوی مصدر	اردو معنی	براہوی فعل امریہ	اردو معنی
خلّنگ	مارنا	خل	مار
پِٹّنگ	نچوڑنا	پِٹ	نچوڑ
تُولِنگ	بیٹھنا	تُول	بیٹھو
ہلّنگ	پکڑنا	ہل	پکڑ

نوٹ - خیال کبو

براہوئی مصادر کے حرف انہی اوپر کے مصادر کے فعل امریہ فارسی (ل)، براہوئی (ڑ) سے بدل جاتا ہے۔ باقی مصادر میں یہ تبدیلی واقع نہیں ہوتی۔

مندرجہ بالا تفصیل کے بیان کرنے کے بعد۔ براہوئی رسم الخط کے مستعمل اکتیس حروف تہجی کی شکلیں اور آوازیں نیچے بیان کی جاتی ہیں۔

براوی حرف تہجی	تلفظ حرف	براوی حرف تہجی	تلفظ حرف
ا	اَلِف	ذ	ذال یا ذا
ب	بے یا با	ر	رے یا را
پ	پے یا پا	ڑ	ڑے یا ڑا
ت	تے یا تا	ز	زے یا زا
ٹ	ٹے یا ٹا	ژ	ژے یا ژا
ج	جیم یا جا	گ	گاف یا گا
چ	چے یا چا	ل ڷ	لام یا لا براوی زبان کا خاص حرف
ح	حے یا حا	م	میم یا ما
خ	خے یا خا	ن	نون یا نا
د	دال یا دا	و	واؤ یا وا
ڈ	ڈال یا ڈا	ء	ہمزہ

براوی حروف تہجی	تلفظ حرف	براوی حروف تہجی	تلفظ حرف
س	سِین یا سا	ۂ ۔ ھ	ہے یا ہا
ش	شِین یا شا	ی	چھوٹی یا ۔ یا
غ	غین یا غا	ے	بڑی یا ۔ یا
ف	فے یا فا		
ک	کاف یا کا		

نوٹ :۔

براہوئی حروف تہجی میں نون غنہ بھی ایک حرف شمار ہوتا ہے۔ یعنی وہ نون جو ناک سے پڑھا جائے۔ اس کی خاص شکل یوں ہوتی ہے۔ (ں) اسکی آواز ناک سے نکالی جاتی ہے۔ اسکے درمیان میں نقطہ نہیں ہوتا۔ براہوئی زبان میں یہ حرف کسی لفظ کے آغاز میں نہیں آتا۔ بلکہ دیگر حروف کے درمیان یا آخر میں آتا ہے۔

مثال ۔

= گرانبر ۔ (نتھنے)

گوانز: (پیمانہ)

شنزہ: (پوہار)

کروں: (کرینگے)

دوسرا سبق: ارٹمیکوہیل یا سخ:

براہوئی زبان کے حرکات یا اعراب

جیسے کہ پہلے بیان کیا جاچکا ہے کہ حروف کو ملانے کے لیے کچھ علامات استعمال کی جاتی ہیں۔ جنھیں اردو زبان میں حرکات یا اعراب (جوڑیفوک) کہتے ہیں اور انہی علامات کو براہوئی میں (جوڑیفوک) کہا جاتا ہے۔ براہوئی زبان میں ان حرکات کو دو حصوں میں تقسیم کیا گیا ہے۔

۱۔ چھوٹی آواز والی حرکات (۲) لمبی آواز والی حرکات

چھوٹی آواز والی حرکات کو تلفظ کرتے وقت آواز کو کھینچنا نہیں پڑتا جب کہ لمبی آواز والی حرکات کو تلفظ کرتے وقت آواز کو کھینچنا پڑتا ہے۔

مثال:

نیچے انہی اعراب کا نقشہ دیا جاتا ہے تاکہ براہوئی زبان سیکھنے والوں کو آسانی رہے۔

(۱) لمبی آواز کی حرکات یا اعراب (مُرغُن نوارا جوڑیفوک)

براھوئی اعراب	قسمِ اعراب	براوی مثال	اردو ہم وزن الفاظ
آ (aa) AA	لمبی آواز زَبَر	آخہ - (نہیں)	آگ
		آنح - (ہاتھی دانت)	آنح
		خاخر - (آگ)	خاکہ
		اونا - (اُسکا)	آیا
یِ (ee)	لمبی آواز کا زیر	ہیٹر - (بہن)	کھیر
		پیر - (بڈھا)	پیر
		لیک - (لکیر)	لکیر
		پشی - (بلّی)	بلّی

چھوٹی آواز کی حرکات یا اِعراب (گونڈ نوارا جوڑلیفوک)

(۲) (a) - ـَ	چھوٹی آواز والا زَبَر	بس (آیا)	بَس -
		اَس (اتھا)	کَپ -
		ڈَس (پتا)	پَتا -
		کَپ (ادھا)	کَرَ -

براہوئی اعراب	قسم اعراب	براہوی مثال	اردو کے ہم وزن الفاظ
(ج) = ــِ	چھوٹی آواز کا زیر	اِے ۔ (وہ)	اِس
		جِس ۔ (راکھ)	جِس
		بِس ۔ (پکاؤ)	بِکٹ
		گِرد ۔ (گول)	پِر
(ح) = ــُ	چھوٹی آواز کا پیش	ہُچ ۔ (اونٹ)	چُل
		پُل ۔ (پھول)	گُل
		مُچ ۔ (دھند)	گُر
		ٹُل ۔ (مینار)	تُم
(خ) = ــُو	لمبی آواز کا پیش یا واو معروف	کوُر (خندق)	بھُول
		دُو (ہاتھ)	پھُول
		سُو (گوشت)	مُول
		پُو (کیڑا)	جھُول
(د) = ــو	گول آواز کا پیش یا واو مجہول	کور (اندھا)	گول
		بور (نسواری رنگ)	کوس
		گول (سراب)	بول
		مون (چہرہ)	تول

نوٹ :-

واؤ مجہول کو گول واؤ اِس لئے بیان کیا گیا ہے۔ کہ جب یہ حرف لفظ کے درمیان آئے۔ تو اِس لفظ کو تلفظ کرتے وقت۔ مُنہ کو گول کر کے آواز نکالی جاتی ہے۔

شَدّ ۔ شد کے بارے میں پہلے بیان ہو چکا ہے۔ کہ ایک جنس کے دو حرف کو باہم ملا کر پڑھنے کو تشدید کہتے ہیں۔ اور اُس کی علامت کو شد کہتے ہیں۔ جس کی صورت (ـّـ) ہوتی ہے۔

اردو کے ہم وزن الفاظ	مثال	قسم اعراب	بلوچی اعراب
چِھلّا	گَرّک = کنارہ	شد	$\overline{NN}$
پِلّا	بَکّہ = دادی۔نانی		
مُلّاح	کَرّی = لئی کا درخت		
بَلّا	وَلّر = (غول)		

دو حروف علّت کی ملی ہوئی آواز

جب دو حروف علت مل کر۔ آواز پیدا کرتے ہیں۔ انکو انگریزی گرامر کی اصطلاح میں (DIPTHONG) کہتے ہیں۔ اس قسم کے براہوئی الفاظ کا چارٹ نیچے دیا گیا ہے۔

بلوچی اعراب	دوحروفی اعراب	مثال	اردو کے ہم وزن الفاظ
ا۔و۔ع A-U	دوحروفی اعراب	جَوزُ = آخروٹ	گوُن
		اُڈُپ = بیماری	دوُر
		مُوئن = کالا	اوُر
		بُونُش = خوش	غورُ
ا۔ی۔ع A ī		شَیئر = اشعار	مَیل
		خَیئر = امن	بَیل
		سَیئل = تماشا	سَیر
		اَیئب = عیب	عَیب
ا/ی/ع E I		سیئر = رچا ہوا	
		شیئف = نیچے	
		خیئل = فرقہ	
		بیئل = بیلچہ	

مسٹمیکو ہیل یا سبخ　　　　　تیسرا سبق

لفظ (لوُز) زبان بامعنی الفاظ سے بنتی ہے۔ الفاظ کی دو قسمیں ہوتی ہیں۔ کلمہ۔ (مانا دار لکا لوز) اور مہمل (بے مانا ہنگا لوز)

کلمہ = (مانا دار لکا لوز م

الفاظ کا وہ مجموعہ ہے۔ جس کے معنی سمجھ میں آئیں۔ اُسے کلمہ کہتے ہیں۔ جیسے = کنا ایلُم ہنا۔ میرا بھائی گیا۔

ڈگی پاڑی اِتیک۔ گائے دودھ دیتی ہے۔

مہمل = (بے مانا ہنگا لوز) الفاظ کا وہ مجموعہ جسکے کوئی معنی نہ ہوں۔ مہمل کہلاتا ہے۔

جیسے = اِی ہنا ایلُم کنا۔

پاڑی۔ ڈگ۔ ایت۔

جُملہ = (رِد) صحیح طور پر ترتیب دیئے ہوئے۔ بامعنی الفاظ کے مجموع کو فقرہ کہتے ہیں۔

مثال =

(۱) ڈگی آراہیو سا ہدار اَسے۔ ⎫
گائے ایک پالتو جانور ہے۔ ⎭ بامعنی جملہ ہے۔

اَسے۔ آراہیو۔ سا ہدار ڈگی۔ بے معنی جملہ ہے۔

(۲) کچکاک وکرہ ۔ دکتہ بھونکتے ہیں) بامعنی جملہ ہے۔

(۳) ڈغار سُر ننگٹی اے ۔ زمین ہل رہی ہے) بامعنی جملہ ہے۔

اے ڈغار ۔ سُریک ۔ بے معنی جملہ ہے۔

الفاظ کی قسمیں (لوذاتا آزا)

براہوئی زبان میں الفاظ کی قسمیں آٹھ ہیں۔

(۱) اسم (پن) (۲) اسم ضمیر (پن بدل) (۳) اسم صفت (سفتی پن) (۴) فعل (کاریم پن) (۵) صلہ فعل (کاریم سفت) (۶) حرف رابطہ (نیام لوذ) (۷) حرف عطف (آوار لوذ) (۸) حرف ندا (توار لوذ)

چارمیکو ہیل یا سبق (حصہ اول) (اولیکو بند) چوتھا سبق

اسم = (پن) = اُس لفظ کو کہتے ہیں ۔ کہ جس سے کسی انسان جانور ۔ جگہ ۔ چیز کا نام سمجھا جائے ۔ لفظی معنوں کے اعتبار سے اسم کی پانچ قسمیں ہیں ۔

(۱) اسم نکرہ (لس پن) (۲) اسم معرفہ (خاس پن)
(۳) اسم جمع (گل پن) (۴) اسم مادیہ (ہردانی پن)
(۵) اسم کیفیہ (حالی پن)

(۱) اسم نکرہ (لس پن) ایک ہی قسم کے مختلف چیزوں کا نام ہوتا ہے۔

مثال =

(i) ہیچ ۔ (اونٹ)

(ii) کوَس ۔ (قمیص)

(iii) کتّار ۔ (خنجر)

(iv) پُل ۔ (پھول)

(v) خن ۔ (آنکھ)

(vi) بَندَغ ۔ (آدمی)

II اسم معرفہ ۔ (خاص پن)

یہ خاص شخص یا جگہ یا چیز کا نام ہوتا ہے۔

(i) تُربت ۔ ایک خاص شہر کا نام ہے۔

(ii) دِل مراد = ایک خاص آدمی کا نام ہے۔

(iii) ماران = ایک خاص پہاڑ کا نام ہے۔

(iv) مُلنگول = ایک خاص دریا کا نام ہے۔

خاص پن — اسم معرفہ کی پانچ قسمیں ہوتی ہیں۔

اسم معرفہ

(۱) ترو کا پن / خطاب — حکومتیں بعض دفعہ کچھ لوگوں کو اُن کی خدمات کے صلے میں ایک اعزازی نام عطا کرتی ہیں۔ جسے خطاب کہا جاتا ہے۔

نواب شاغاسی۔ سردار۔ میرمیران۔

(۲) تفوکاپن — لقب

بعض دفعہ انسان ذاتی کردار کی مثبت یا منفی خصوصیت کی وجہ سے شہرت پاتا ہے۔ لوگ اُسے عزّت بخشنے یا مذمت کرنے کی خاطر ایک اعزازی یا مذموم نام سے موسوم کرتے ہیں۔ جسے لقب کہا جاتا ہے۔ جیسے سرمچار۔ (جان نثار) زلیغم (شمشیرزن)۔ بابلہ۔ (منہ پھٹ) خوبیٹ (نکما)

(۳) شاھری پن — تخلّص

وہ حضرات جو شاعری میں کمال رکھتے ہیں۔ اپنے اصلی نام کے علاوہ۔ اپنا ایک مختصر نام۔ اشعار میں استعمال کرنے کے لئے رکھتے ہیں۔ جسے تخلص کہتے ہیں۔ جیسے۔ نصیر۔ شاد۔ شاہین۔ سروائی۔ ناچار۔

(۴) حرفوکاپن — کنیّت

دُنیا میں مرد ہو یا عورت۔ اُسکے اصلی نام ہوتے ہیں۔ مگر بعض دفعہ وہ اپنے بچوں کے نام سے موسوم ہو جاتے ہیں۔ اس قسم کے اسماء کو کنیت کہتے ہیں۔

جیسے = لشکران نا باوہ (لشکران کا ابّو)

= گراناز نا لمّہ۔ (گراناز کی امّی)

(۵) چاھوکا پن
عرف

بعض دفعہ انسان اپنے اصلی نام کے علاوہ کسی اچھی یا بری وجہ سے کسی دوسرے نام سے موسوم ہو جاتا ہے۔ اس قسم کے نام کو عُرف کہتے ہیں۔

جیسے = کریم بخش سے کریں = دلمراد سے دِلّو
گل محمد سے گلّو = زرخاتون سے زرّی

(III) اسم جمع = (گل پن) یہ جاندار یا غیر جاندار چیزوں کے گروہ کا نام ہوتا ہے۔

مثال =

لشکر = (فوج) رَم ۔ (پرندوں کا غول)
بولک = (قبیلہ)
راج = (قوم) پُرگل ۔ (بکریوں کا ریوڑ)
کُرّہ = (ریوڑ) میَگَٹ ۔ (دنبوں کا ریوڑ)
تِک = (اونٹوں کا گلہ) یا ہِر ۔ (گدھوں کا گلہ)
گورم = (گایوں کا گلہ) رہے گل ۔ (میمنوں کا گلہ)
گلہ = (گھوڑوں کا گلہ) جار ۔ (چڑیوں کا ڈار)
وَکَر = (پرندوں کا غول)

(IV) اِسم مادیہ =

(ہر داتی پن)

یہ اُن مادہ اشیاء کا نام ہے۔ جن سے دوسری چیزیں بنائی جاسکتی ہیں۔

مثال:۔

تُنت	(آٹا)	پاٹل	(دُودھ)
پاٹ	(لکڑی)	آہن	(لوہا)
خِیسّن	(سونا)	نُقرہ	(چاندی)

۲ اِسمِ کیفیہ (حالی پن)

یہ وہ اِسم ہے۔ جو کسی چیز کی وصف۔ یا حالت یا کیفیت کو کرے۔ مثال:

سرپُنڈی	(عقل)	=	وصف
مُرغونی	(لمبائی)	=	وصف
بُرزی	(بلندی)	=	وصف
بے وسّی	(مجبوری)	=	حالت
نا داری	(مُفلسی)	=	حالت
ورنائی	(جوانی)	=	حالت
نادُراخی	(بیماری)	=	حالت
خِنِنگ	(ہنستا)	=	کیفیت
بال	(اُڑان)	=	کیفیت
بیر	(بدلہ)	=	کیفیت

حصہ دویم۔ (اِ رَٹمیکو بَند)

لفظ کے ترکیبی اعتبار سے اسم کی تین قسمیں ہیں۔

(۱) اسم مصدر۔ (بیخ لوذ پن)

(۲) اسم مشتق۔ (پیش تموکا پِن)

(۳) اِسم جامد۔ (مستکن پِن)

(۱) اِسم مصدر۔ (بیخ لوذ پن)

یہ اسم صرف کام کے کرنے کو ظاہر کرتا ہے۔ جس میں کام کے زمانے کا کوئی تعین نہیں ہوتا۔ براہوئی زبان میں اِس کا آخری حروف (نگ) ہوتا ہے۔

مثال =

اسم مصدر براہوئی	اردو معنی
کُننگ	کھانا
دوڑ ئینگ	دوڑنا
خاچنگ	سونا
کسِفنگ	قتل کرنا
بَننگ	آنا
دَتّنگ	لے جانا

اسم مصدر براہوئی	اردو معنی
تِننگ	دینا
مِڑنگ	لڑنا
خَلِنگ	مارنا
ہَلِنگ	لینا
پَٹِنگ	تلاش کرنا
گِڈنگ	اونگھنا
تَمِنگ	گرنا
مَخِنگ	ہنسنا
کہنگ	مرنا
ہِننگ	جانا

(۲) اِسم مُشتق - (پیش تموکا پِن)

یہ اسم - اسم مصدر سے نکلتا ہے۔ اِسکی پانچ قسمیں ہیں۔

(i) اِسم فاعل (کروک پن) (ii) اسم مفعول (مروک پن)
(iii) اسم ظرف (جاہی پن) (iv) اِسم آلہ (اسبابی پن)
(v) حاصل مصدر - (بِنخ لوز ناحاصل)

(۱) اِسم فاعل (کروک پن)

یہ وہ اسم ہے۔ جو کام کرنے والے کو ظاہر کرتا ہے۔
اِس کے بنانے کا طریقہ یہ ہے۔ کہ مصدر کے آخری حرف کو جو (نگ) ہوتا ہے۔ اُسے گرا کر اُس کی جگہ پر لفظ (وک) لگایا جاتا ہے۔ تو اسم فاعل بنتا ہے۔

مثالیں:

اسم مصدر (بنخ لوز)	اسم فاعل کروک پن	اُردو معنی
کسفنگ (قتل کرنا)	کسفوک	قاتل - قتل کرنے والا
لِکنِنگ - (لکھنا)	لِکوک	نولیندہ - لکھنے والا
گُوفنگ - (بُننا)	گُوفوک	بُننے والا
نرِنگ (بھاگنا)	نروک	بھگوڑا - بھاگنے والا

اسم مصدر (دیخ لوز)	اسم فاعل کروک پن	اردو معنی
کُنِنگ ۔ (کھانا)	کنُوک	پیٹو ۔ کھانے والا
ہِڑنگ ۔ (لڑنا)	ہڑوک	جنگجو ۔ لڑنے والا
پاننگ (کہنا)	پاروک	راوی ۔ کہنے والا

(۱) اسم مفعول (مروک پن)

یہ وہ اسم ہے ۔ جس پر کسی فعل کا اثر واقع ہو ۔ اُس کے بنانے کا طریقہ یہ ہے ۔ کہ مصدر کے بعد لفظ (و کا) کو بطور لاحقہ لگایا جاتا ہے ۔ تو اسم مفعول بنتا ہے ۔

مثال :-

اسم مصدر (دیخ لوز)	اسم مفعول ۔ مروک پن	اردو معنی
کسفِنگ ۔ قتل کرنا	کسِفنگو کا ۔	مقتول ۔ قتل کیا گیا
بہا کننگ ۔ فروخت کرنا	بہا کِننگو کا ۔	بکا ہوا ۔ فروخت شدہ
ہُتننگ ۔ جلانا	ہُتنِگو کا	سوختہ ۔ جلا ہوا ۔
گوُفنگ ۔ بُننا	گوُفنِگو کا	بُنا ہوا ۔

اسم مصدر۔ بیخ لوز	اسم مفعول۔ مروک پن	اردو معنی
خَلِنگ ۔ مارنا	خَلِنگو کا	پِٹا ہوا
خَرِنگ ۔ پھاڑنا	خَرِنگو کا۔	پھٹا ہوا۔
کُنِنگ ۔ کھانا	کُننگو کا۔	کھایا ہوا۔

(iii) اِسم ظرف (جاہی پِن)

یہ اسم کام کے وقت یا جگہ کو ظاہر کرتا ہے۔

مثال:۔

اسم مصدر۔ بیخ لوز	اسم ظرف (جاہی پن)	اردو ترجمہ
دُوسلِنگ (ہاتھ دھونا)	دُوسِل	ہاتھ دھونے کا برتن
بروے کَننگ (چھاننا)	بروے	چھاننی

(iv) اِسم آلہ (اسبابی پن)

یہ اسم کام کرنے کے وسیلہ کو ظاہر کرتا ہے۔ اِسکے بنانے کا طریقہ یہ ہے۔ کہ مصدر کے آخری حرف جو ننگ،

ہوتا ہے۔ اُسے دور کر کے اسکی جگہ پرِ دکا یا وکی حرف کی ایزادی کی جاتی ہے۔

مثال :۔

اسم مصدر (بنیخ لوز)	اسم آلہ (اسبابی پن)	اردو معنی
رد فِنگ ۔ جھاڑو دینا	ردفہ	جھاڑو
تا فِنگ ۔ سیکھنا	تا فو	تاوا
سُمبنگ ۔ سوراخ کرنا	سُمبہ	برما
ہِکچ کننگ ۔ ناپنا	ہِکچ	ناپ
داغ تِنگ ۔ داغ دینا	داژن	داغنے کا لوہا

(۲) حاصل مصدر (بنیخ لوذ ناحاسل)

یہ اسم ۔ مصدر کی حالت یا کیفیت کو ظاہر کرتا ہے۔

مثال :۔

اسم مصدر (بیخ لوز)	حاصل مصدر (اینغ لوز ناحاصل)	اردو معنی
آزمائیفِنگ - آزمانا -	آزمائشت	امتحان
رُمائغِنگ - حکم دینا	رُمائغ	حُکم
رُمبِنگ - دوڑنا	رُمب	دوڑ
چکاسِنگ - امتحان لینا -	چکاس	اِمتحان

اِسم جامد (مُتکُن پن)

یہ وہ اسم ہے. جو مصدر سے نہیں بنتا ہے۔

مثال :

(۱) ماڑی = (محل)

(۲) خن = (آنکھ)

(۳) اُرا = (گھر)

(۴) باٹس = (ناک)

(۵) میچ = (میز)

(۶) مون = (چہرہ)

(۷) کنتار = (خنجر)

(۸) زَغم = (تلوار)

تیسرا حصّہ

اِسم عدد ۔ (حسَاب کچّ)

یہ وہ اسم ہے ۔ جو کسی اسم کی تعداد کو ظاہر کرتا ہے ۔ اِسم اگر ایک چیز ہو ۔ تو اُسے کہتے ہیں ؛ واحد ؛ (اسِٹ) اِسم اگر ایک چیز سے زیادہ ہو ۔ اُسے کہتے ہیں ؛ جمع (باز)

براھوئی میں واحد سے جمع بنانے کا طریقے ۔

بلوچی زبان کے مقابلے میں ۔ براھوئی زبان کے واحد سے جمع بنانے کے پانچ طریقے ہوتے ہیں ۔

(۱) پہلا قاعدہ

جب اِسم کا آخری حرف (ر) ہو ۔ تو ایسے اسما کا جمع بناتے وقت (ر) کے جگہ (ک) لگایا جاتا ہے ۔ تو اِسم اِسم جمع بن جاتا ہے ۔

مثال :۔

واحد ۔ (اَسِٹ)	بانہ ۔ (جمع)	واحد ۔ (اَسِٹ)	باز ۔ (جمع)
شار ۔ (شہر)	شاک ۔ (شہروں)	ہر ۔ (ڈبی)	ہک (ڈبیے)
نوکر ۔ (ملازم)	نوکگ ۔ (ملازمین)	سور ۔ (میمنہ)	سوک ۔ (میمنوں)

واحد (اسِٹ)	بانز (جمع)	واحد (اسِٹ)	بانز (جمع)
تیر (شہتیر)	تیک (شہتیروں)	مور (مور)	موک (موروں)
مار (لڑکا)	ماک (لڑکے)	وَلّر (غول)	وَلّک (غولوں)
شیر (شیر)	شیک (شیروں)	اور (انگلی)	اوک (انگلیاں)
کُر (ریوڑ)	کک (ریوڑوں)	مزار (شیر)	مزاک (شیروں)

اِس قاعدے کا اِن اسماء پر اطلاق نہیں ہوتا۔ اگرچہ اِن کے بعض آخیر کی حرف (ر) ہے۔ انکے جمع بنانے کے صورت میں (ر) کے بجائے آک کا لفظ لگایا جاتا ہے۔

مثال:

واحد (اسِٹ)	جمع (بانز)	واحد (اسِٹ)	جمع (بانز)
میر	میراک	کور	کوراک
پیر	پیراک	کرّ	کرّاک
کور	کُوراک		
خیر	خیراک		

(۲) دوسرا قاعدہ ارٹمیکووڑ

اگر اسم کا آخری حروف (ہ) ہو۔ تو اِسم جمع بنانے کے لئے اسمِ واحد کے (ہ) کو دور کر کے (غاک) کا لفظ لگایا جاتا ہے۔

مثال:۔

واحد (اسِٹ)	جمع - (بانز)	واحد (اسِٹ)	جمع - (بانز)
غُٹّہ (غنچہ)	غُٹّغاک (غنچے)	تولہ (گیدڑ)	تولغاک (گیدڑوں)
ذائیفہ (عورت)	ذائیفغاک (عورتیں)	گلہ (گلہ)	گلغاک (گلے)
نرینہ (مرد)	نرینغاک (مردوں)	کوچہ (وادی)	کوچغاک (وادیاں)
چُچّہ (بچہ)	چُچّغاک (بچے)	پیّہ (پیّہ)	پیّغاک (پیّوں)
تاتہ (پھوپھی / خالہ)	تاتغاک (پھوپھیاں / خالائیں)	پنجہ (پنجہ)	پنجغاک (پنجے)
ندارہ ۔ (نظارہ)	ندارغاک (نظارے)	روفہ (جھاڑو)	روفغاک (جھاڑوئیں)
کوبہ (کندھا)	کوبغاک (کندھے)	پَرّہ ۔ (پَر)	پَرّغاک (پروں)

واحد (اسِٹ)	جمع (یانہ)	واحد (اسِٹ)	جمع (یانہ)
باوہ (باپ)	باوغاک (باپوں)	تُورہ (تویرا)	تُورغاک (تویرے)
لُمّہ (ماں)	لُمّغاک (مائیں)	ہورہ (گرنج)	ہورغاک (گرجیں)
پیرہ (دادا یا نانا)	پیرغاک (دادے یا نانی)	غلہ	غلغاک (گندموں)
نواسہ (پوتہ نواسہ)	نواسغاک (پوتے نواسے)	آرہ ۔ آری	آرغاک (آریوں)
اِلّہ (چچا یا ماموں)	اِلّغاک (چچاؤں یا ماموں)		
خوشہ (خوشہ)	خوشغاک (خوشے)		
بلہ ۔ (دادی یا نانی)	بلّغاک (دادیاں نانیاں)		

(۳) تیسرا قاعدہ (مُسٹمیکوڑ)

وہ اسما جن کے آخری حروف (آ ۔ ی ۔ ف ۔ خ ۔ ل ۔ ت ۔ م ۔ ن ۔ ا ۔ ڑ ۔ ش ۔ ے ۔ ی ۔) ہوں۔ تو ان اسما کے جمع بنانے کے لئے ان کے آخری حروف کو دور کر کے اِن کے جگہ (ک) لگایا جاتا ہے۔ تو اسم جمع بن جاتے ہیں۔

مثال :-

(۱) وہ اِسما جن کے آخری حرف (ا) ہو۔

واحد (اسِٹ)	جمع (باز)	واحد (اسِٹ)	جمع (باز)
اُرا (گھر)	اُراک (گھروں)	خرما (بھیڑیا)	خرماک (بھیڑیئے)
چُنا۔ (بچہ)	چُناک (بچے)		
بَلا (بھوت)	بَلاک بھوتوں)		
اَدا۔ (بھائی)	اَداک (بھائیوں)		

(۲) وہ اسما جن کے آخری حرف (ی) ہو۔

واحد (اسِٹ)	جمع (باز)	واحد (اسِٹ)	جمع باز	واحد (اسِٹ)	جمع (باز)
ہُلی (گھوڑا)	ہُلیک (گھوڑے)	باہی (ڈھکنا)	باہیک (ڈھکنوں)	نیاڑی (عورت)	نیاڑیک (عورتیں)
ڈُکی (گائے)	ڈُکیک (گایوں)	دُوہی (زبان)	دوہیک (زبانیں)	مُنگی (ڈیمبو)	مُنگیک (ڈیمبوؤں)
میہی (بھینس)	میہیک (بھینسوں)	چوکری (کنیز)	چوکریک (کنیزوں)	توتی (طوطا)	توتیک طوطے

واحد (اسِٹ)	جمع (بانز)	واحد (اسِٹ)	جمع (بانز)	واحد (اسِٹ)	جمع (بانز)
گوازی (کھیل)	گوازیک (کھیلوں)	گودی (بیگم)	گودیک (بیگمات)	پری (پری)	پریک (پریاں)
جِرکی (چڑیا)	جِرکیک (چڑیاں)	ڈاچی (اونٹنی)	ڈاچیک (اونٹنیاں)	شَیدی (حبشی)	شیدیک (حبشیوں)
دَستی (گلدستہ)	دَستیک (گلدستے)	بَلّی (بوڑھی عورت)	بَلّیک (بوڑھی عورتیں)	بچّی (بچھڑا)	بچّیک (بچھڑوں)
گِدّی (واسکٹ)	گِدّیک (واسکٹیں)	اَدّی (باجی)	اَدّیک (باجیاں)	ماڑی (محل)	ماڑیک (محلات)
لوہی (دیگچی)	لوہیک (دیگچیاں)	اُراہی (گھروالی)	اُرائیک (گھروالیاں)		

(۳) وہ اسماجن کے آخری حرف (ف) ہو۔

واحد۔ (اسِٹ)	جمع (بانز)	واحد (اسِٹ)	جمع (بانز)
باف ۔ (بھاپ)	بافک (بھاپوں)		
خف (کان)	خفک (کانوں)		

(۴) وہ اسماجن کے آخری حرف (خ) ہو

واحد (اسٹ)	جمع (بانز)	واحد (اسٹ)	جمع (بانز)
لِخ - (گردن)	لِخک (گردنیں)	مینخ (کیل)	مینخک (کیلیں)
مُخ (کمر)	مُخک (کمروں)		
بیخ (جڑ)	بیخک (جڑوں)		

(۵) وہ اسماجن کے آخری حرف (ل) ہوں۔

واحد (اسٹ)	جمع (بانز)
خَل (پتھر)	خلک (پتھروں)
پول (پُل)	پولک (پُلوں)
حَل (چوہا)	حَلک (چوہوں)

(۶) وہ اسماجن کے آخری حرف (م) ہو۔

واحد۔ (اَیرِٹ)	جمع۔ (بانز)	واحد (ائیِٹ)	جمع (بانز)
بیرُم (بسترہ)	بیرُمک (بسترے)	زنغیم (شمشیرزن)	زنغمک (شمشیرزنوں)
ایلُم۔ (بھائی)	اِیلمک (بھائیوں)		
خولُم (گندم)	خولُمک (گندموں)		

(۷) وہ اسماجن کے آخری حرف (ن) ہو۔

واحد۔ (اَیسِٹ)	جمع (بانز)	واحد (ائیِٹ)	جمع (بانز)
خن (آنکھ)	خنک (آنکھیں)	جوہان (گندم کا ڈھیر)	جوہانک (گندم کے ڈھیروں)
جون (جسم)	جونک (اجسام)	نن (رات)	ننک (راتیں)
مون (چہرہ)	مونک (چہروں)		

پئن (پتّا) اس قاعدہ کلیہ سے مُستثنیٰ ہے۔ پئن کا جمع (پناک) ہوگا۔

(۸) وہ اسما جن کے آخری حرف (و) ہو۔

واحد (اسِٹ)	جمع (بانز)	واحد (اسِٹ)	جمع (بانز)
ڈو (ہاتھ)	ڈُوک (ہاتھوں)	موکو (مکھڑی)	موکوک (مکھڑیوں)
باخو (لُقمہ)	باخُوک (لُقمے)	باڑو (بھیڑ)	باڑوک (بھیڑیوں)
تو (مہینہ)	تُوک (مہینے)	پُو (کیڑا)	پُوک (کیڑے)

(۹) وہ اسم جن کے آخری حرف (ڑ) ہو۔

واحد (اسِٹ)	جمع (بانز)	واحد (اسِٹ)	جمع (بانز)
بوڑ (جوں)	بوڑک (جوئیں)	ملخوڑ (بھو)	ملخوڑک (بھوئیں)

(۱۰) وہ اسم جن کے آخری حرف (ش) ہو۔

واحد (اسِٹ)	جمع (بانز)	واحد (اسِٹ)	جمع (بانز)
مَش (پہاڑ)	مَشک (پہاڑوں)	مِش (مٹی)	مِشک (مٹیوں)
رِیش (داڑھی)	رِیشک (داڑھیوں)	بِیش (گدھا)	باشِک (گدھے)
کِیش (ناک کا میل)	کِیشک (ناکوں کا میل)		

(۱۱) وہ اسما جن کے آخیری حرف (ے) ہو۔

واحد۔ (اسِٹ)	جمع (بانز)	واحد۔ (اسِٹ)	جمع (بانز)
مے (غلام)	مِیک (غلاموں)	دے (دِن)	دیک (دنوں)
بے (نمک)	بیک (نمکوں)	ارے (شخص)	اریک (اشخاص)
بروے (چھاننی)	برویک (چھاننیاں)	توبے (چاندا)	توبیک (چاندوں)

(۴) چوتھا قاعدہ (چار میکو وڑ)

وہ اَسما جن کے آخری حروف (ب ۔ پ ۔ ت ۔ ٹ ۔ ح ۔ چ ۔ د ۔ ڈ ۔ ز ۔ ک ۔ گ ۔ ث) ہو۔ تو اِن اَسما کے جمع بنانے کے لئے اِن کے آخری حروف کو دور کر کے اُس کے جگہ (آک) کا لفظ بڑھایا جاتا ہے۔ تو اسما جمع بن جاتے ہے ۔

مثال :۔

(۱) وہ اَسما جن کے آخری حرف (ب) ہو۔

واحد (اَسِٹ)	جمع (باز)	واحد (اَسِٹ)	جمع (باز)
بامب (چھت)	بامباک (چھتوں)	اَمب (آم)	اَمباک (آموں)
کُمب (جوہڑ)	کُمباک (جوہڑوں)	بمب (بمب)	بمباک (بمبوں)

(۲) وہ اَسما جن کے آخری حرف (پ) ہو۔

واحد (اَسِٹ)	جمع (باز)	واحد (اَسِٹ)	جمع (باز)
لیپ (رضائی)	لیپاک (رضائیاں)	سَرمپ (کھر)	سرمپاک (کھروں)

واحد (اِسِٹ)	جمع (بانز)	واحد (اِسِٹ)	جمع (بانز)
کپ (آدھا)	کپاک (آدھے)	جُپ (چھلانگ)	جُپاک (چھلانگیں)
توپ (توپ)	توپاک (توپیں)	ٹپ (زخم)	ٹپاک (زخموں)
بوپ (گدیلا)	بوپاک (گدیلے)		

(۳) وہ اسما جن کے آخری حرف (ت) ہو۔

واحد (اِسِٹ)	جمع (بانز)	واحد (اِسِٹ)	جمع (بانز)
کِلیت (چابی)	کلیتاک (چابیوں)	کِیت (آٹا کا تھیلا)	کیتاک (آٹے کے تھیلے)
خِیت (سبز چارہ)	خیتاک (سبز چارے)	پِت (کانٹا)	پتاک (کانٹے)

(۴) وہ اسما جن کے آخری حرف (ٹ) ہو۔

واحد (اسٹ)	جمع (بانز)	واحد (اسٹ)	جمع (بانز)
لٹ (لکڑی)	لٹاک (لکڑیاں)	پٹ (میدان)	پٹاک (میدانوں)
پِٹ (بددعا)	پِٹاک (بددعائیں)	کانٹ (بجھنیگا)	کانٹاک (بجھنیگے)
بُٹ (ٹیلا)	بُٹاک (ٹیلے)	پُٹ (بال)	پُٹاک (بالوں)
ٹُنٹ (لولا)	ٹُنٹاک لولے		

(۵) وہ اسما جن کے آخری حرف (ج) ہو۔

واحد (اسٹ)	جمع (بانز)	واحد (اسٹ)	جمع (بانز)
گنج (دولت)	گنجاک (دولتیں)	رنج (تکلیف)	رنجاک تکالیف
مج (دھند)	مجاک (دھندوں)		

(۶) وہ اسما جن کے آخری حرف (چ) ہو۔

واحد (اسِٹ)	جمع (باز)	واحد (اسِٹ)	جمع (باز)
ہیچ (اونٹ)	ہیچاک (اونٹوں)	بیچ (مکھا)	بچاک (مکھے)
کپچ (ناپ)	کپچاک (ناپیوں)		

(۷) وہ اسما جن کے آخری حرف (د) ہو۔

واحد (اسِٹ)	جمع (باز)	واحد (اسٹ)	جمع (باز)
کد (دیگچہ)	کداک (دیگچے)	رند (نشان)	رنداک (نشانات)
بند (بند)	بنداک (بندات)		
گند (بو)	گنداک (بوئیں)	خد (پستان)	خداک (پستانوں)

(۸) وہ اسما جن کے آخری حرف (ڈ) ہو۔

واحد (ایسٹ)	جمع (بانز)	واحد (ایسٹ)	جمع (بانز)
کُڈ (کنڈھا)	کُڈاک (کنڈھے)	منڈہ (لنگڑا)	منڈہاک (لنگڑے)
کُنڈ (کونا)	کُنڈاک (کونے)	کوڈ (غار)	کوڈاک (غاروں)
گوڈ (گھٹنا)	گوڈاک (گھٹنے)	بُنڈ (لٹھا)	بنڈاک (لٹھے)
پِڈ (پیٹ)	پڈاک (پیٹوں)		

(۹) وہ اسماجن کے آخری حرف (ز) ہو۔

واحد (ایسٹ)	جمع (بانز)	واحد (ایسٹ)	جمع (بانز)
لوز (لفظ)	لوزاک (الفاظ)	دُز (چور)	دُزاک (چوروں)
بُوز (تھوتھنی)	بُوزاک (تھوتھنیاں)		

(۱۰) وہ اسماجن کے آخری حرف (ک) ہو۔

واحد (ایسٹ)	جمع (بانز)	واحد (ایسٹ)	جمع (بانز)
کُک (پِستو)	کُکاک (پِسوؤں)	حک (حق)	حکاک (حقوق)
بُک (بوسہ)	بُکاک (بوسے)	دُک (سوئی کا ناکہ)	دُکاک (ناکے)

(۱۱) وہ اسماجن کے آخری حرف (گ) ہو۔

واحد (اَسِٹ)	جمع (بانز)	واحد (اَسِٹ)	جمع (بانز)
ڈُنگ (بونل)	ڈُنگاک (بونلوں)	ڈُنگ (ڈاکو)	ڈُنگاک (ڈاکوؤں)
گُنگ (گُنگا)	گُنگاک (گُنگے)	جنگ (لڑائی)	جنگاک (لڑائیاں)

(۱۲) وہ اسماجن کے آخری حرف (ڷ) ہو۔

واحد (اَسِٹ)	جمع (بانز)	واحد (اَسِٹ)	جمع (بانز)
پاڷ (دودھ)	پاڷ آک (دودھوں)	موڷ (دھنواں)	موڷ آک (دھوئیں)
ٹُڷ (بیٹیا)	ٹُڷ آک (بیٹے)	میڷ (دُنبہ)	میڷ آک (دُنبے)
تیڷ (بچھو)	تیڷ آک (بچھوؤں)	سیڷ (سرما)	سیڷ آک (سرماؤں)
ہیڷ (مکھی)	ہیڷ آک (مکھیاں)	پُرواڷ (تازہ دودھ)	پُرواڷ آک (تازہ دودھوں)

۵۔ پانچواں قاعدہ پنچمیکوور

اگر اسم کی آخیری حرف (س۔ غ۔ ف) ہو۔ تو اُسکے جمع بنانے کا طریقہ یہ ہے۔ کہ آخری حرف کو دور کرکے۔ اُس کے جگہ پر (ک یا آک) کے الفاظ لگانے سے جمع بن جاتا ہے۔

مثال:

(۱) وہ اسما جن کے آخیر کے حرف (س) ہو۔

واحد (اسِٹ) جمع (بانز)	جمع	بانز
اولس (لوگ) اولسک (لوگوں)	یا اولساک	(لوگوں)
خراس (بیل) خراسک (بیلوں)	یا خراساک	(بیلوں)
لبسّ (بس) لبسّک (بسوں)	یا لبسّاک	(بسیں)
مِسّ (تانبا) مِسّک (تانبے)	یا مِسّاک	(تانبے)
کوُس (قمیص) کوُسک (قمیص)	یا کوُساک	(قمیصیں)
ماس (جڑ) ماسک (جڑوں)	یا ماساک	(جڑیں)

(۲) وہ اسماجن کے آخیر کے حرف (غ) ہو۔

واحد (اسِٹ)	جمع (بانز)	جمع	(بانز)
اِرَغ ۔ (روٹی)	اِرغک (روٹیاں)	یا ۔ اِرغاک	(روٹیاں)
اَرِغ ۔ (خاوند)	اَرِغک (خاوندوں)	یا ۔ اَرِغاک	(خاوندوں)

(۳) وہ اسماجن کے آخیر کے حرف (ف) ہو۔

واحد ۔ (اَسِٹ)	جمع (بانز)	جمع	(بانز)
سوف ۔ (سیب)	سوفک ۔ (سیبوں)	سوفاک ۔	(سیبوں)
خَف (کان)	خفک ۔ (کانوں)	خُفاک	(کانوں)
کف ۔ (جھاگ)	کفک ۔ (جھاگیں)	کفاک	(جھاگیں)

(مُستثنیات)

(۱) وہ تمام اسماجن کے آخری حرف (ت) ہوتا ہے ۔ اُنکے جمع بنانے کے لئے حرف (ت) کو دور کر کے ۔ اُسکی جگہ لفظ (آک) لگایا جاتا ہے ۔ ماسوائے لفظ رَنت ۔ پاؤں) کے ۔ (رنتَ) کا جمع بناتے

وقت (ت) (ک) سے بدل جاتا ہے۔

جیسے

واحد (اَسِٹ)	جمع (بانز)
نَت۔ (پاؤں)	نَتک (پاؤں)

(۲) وہ تمام اسما جن کے آخری حرف (ڑ) ہوتا ہے۔ اُن کے جمع بنانے کے لئے حرف (ڑ) (ک) میں تبدیل ہو جاتی ہے۔ مگر اس قاعدے سے لفظ (مَسِڑ) (لڑکی) مستثنیٰ ہے۔ (مسِڑ) کی آخری حرف (ڑ) (ن) میں تبدیل ہو جاتی ہے۔ اور آخیر میں حرف (ک) کی زیادتی کی جاتی ہے۔ تب جمع بن جاتا ہے۔

جیسے۔

واحد (اَسِٹ)	جمع (بانز)
مَسِڑ (لڑکی)	مَسِنک (لڑکیاں)

چوتھا حصہ (چہارمیکو بند)

جنس (ذات)

جنس سے مراد یہ ہوتا ہے۔ کہ اسم کی جنس کیا ہے۔؟ آیا وہ نر

ہے۔ یا مادہ یا مُشترک۔ جو نر میں بھی شمار ہوسکتا ہے۔ اور مادہ میں بھی۔ یا بالکل کسی جنس نر یا مادہ سے تعلق نہیں رکھتا۔ براہوئی زبان میں جنس کی چار قسمیں ہوتی ہیں۔

(۱) مذکر (نرذات)

یہ ظاہر کرتا ہے کہ اسم نر یا مذکر ہے۔

(۲) مونث (مادہ ذات)

یہ ظاہر کرتا ہے کہ اسم مادہ یا مونث ہے۔

(۳) مشترک (آوارذات)

یہ اسم ظاہر کرتا ہے کہ اسم نر یا مذکر بھی ہوسکتا ہے۔ اور مونث بھی ہوسکتا ہے۔

(۴) بے جنس (بے ذات)

بے جان چیزوں کے نام اسی زمرے میں آتے ہیں۔

(۱) مذکر (نرذات) کی مثالیں

باوہ	خواجہ	اِلہ	پیرہ	ہُچ	نریان
باپ	آقا	چچا	دادا	اونٹ	گھوڑا

(۲) مونث (مادہ ذات)

لُمہ	گودی	تاتہ	بلہ	ڈاچی	مادیان
ماں	بیگم	چچی	دادی	اونٹنی	گھوڑی

(III) مشترک جنس (آوارذات)

دشمن	چوچہ	سیال	الہ مٹ
دشمن	بچہ	رشتہ دار	چچازاد

دشمن، بچہ، رشتہ دار، چچازاد، ماموزاد، مذکر بھی ہو سکتے ہیں۔ اور مونث بھی ہو سکتے ہیں۔ اس قسم کے اسما مشترک جنس کہلاتے ہیں۔

(iv) بے جنس (بے ذات)

خل	قوص	زغم	میز	غالی
پتھر	قمیص	تلوار	میز	قالین

مندرجہ ذیل بالا تمام اسماء بے جان ہیں۔ لہٰذا ان کی کوئی نر یا مادہ جنس نہیں ہوتی ہے۔ اس واسطے بے جنس اسماء کہلاتے ہیں۔

(i) مذکر۔ (نرذات)

براہوئی زبان میں بہت سے اسماء کے جو جاندار ہوتے ہیں ان کے مذکر اور مونث کے لیے جُدا جدا الفاظ ہوتے ہیں۔ ان اسماء کے علاوہ دیگر

جاندار اسموں کی جنس کو ظاہر کرنے کے لیئے انکے شروع
میں (نرینگا) اور (مادینگا) یا (نرینہ) اور (ذائیفہ) کے الفاظ
اسم کے ساتھ بطور سابقہ کے لگا کر انکی جنس کو ظاہر کیا جاتا ہے۔

نیچے دیئے ہوئے۔ چارٹ میں براہوئی زبان کے اُن
جاندار اسما کے مذکر اور مونث کی نشان دہی کی گئی ہے۔
جن کے لیئے جدا الفاظ استعمال ہوتے ہیں۔

انسانی رشتوں کے مذکر۔ مونث جنس کے جدا نام

نر ذات۔ (اسم مذکر)	مادہ ذات (اسم مونث)	نر ذات (اسم مذکر)	مادہ ذات (اسم مونث)
باوہ۔ (باپ)	لُمّہ۔ (ماں)	اِیلُم (بھائی)	ہیڑ (بہن)
مار مَخ (بیٹا)	مَسٹر (بیٹی)	اِلّہ (چچا) (ماموں)	تاتہ (پھپھی) (ماسی)
خواجہ (آقا)	گودی (بیگم)	سالم (داماد)	کلخوڑ (بہو)
بسوز (سوتیلا باپ)	ماتونہ (سوتیلی ماں)	سالم (دولہا)	براہی (دلہن)
مِے (غلام)	چیوکری (لونڈی)	نرینہ (مرد)	ذائیفہ (عورت)
اَرغ (خاوند)	ذائیفہ یا اراہی (بیوی)	مار (لڑکا)	مَسٹر (لڑکی)

نرذات (اسم مذکر)	مادہ ذات (اسم مونث)	نرذات (اسم مذکر)	مادہ ذات۔ (اسم مونث)
خاسپر (سالا)	وسینخ (سالی)	ایلم مار (بھتیجا)	ایلم مسٹر (بھتیجی)
جدا ایلم۔ (سوتیلا بھائی)	جدہیڑ (سوتیلی بہن)		
ایلمکو (ساتھی)	ہیڑہ کو (سہیلی)		

جانوروں اور پرندوں کے مذکر مونث جنس کے جدا نام

نرذات (مذکر)	مادہ ذات (مونث)	نرذات (مذکر)	مادہ ذات (مونث)
خراس (بیل)	ڈگی (گائے)	نریان (گھوڑا)	مادیان (گھوڑی)
لاغ (گدھا)	بشیں (گدھی)	خٹ (مینڈھا)	میش (دُمبی)
لیٹرو (اونٹ)	ڈاچی (اونٹنی)	کچک (کُتا)	منڈ (کُتی)
بانگو (مرغا)	ماکیان (مرغی)	مٹ (بکرا)	ہیٹ (بکری)

انسانوں کے وہ اسما۔ جن کے مذکر و مونث جنس کو ظاہر کرنے کے لئے جدا لفظ موجود نہیں ۔ اُنکے مذکر و مونث جنسوں کو ظاہر کرنے کے لئے نام کے سامنے (نرینہ) اور (طائیفہ) کے الفاظ بطور سابقہ لگائے جاتے ہیں۔ چارٹ مُلاحظہ ہو۔

نرذات (مُذکر)	مادہ ذات (مونث)	نرذات (مذکر)	مادہ ذات (مونث)
نرینہ شاہر (شاعر)	طائیفہ شاہر (شاعرہ)	نرینہ اُستاد (ماسٹر) (اُستاد)	طائفہ اُستاد (ماسٹرنی) (استانی)
نرینہ ڈاکسر (ڈاکٹر)	طائفہ ڈاکسر (لیڈی ڈاکٹر)	نرینہ شاگرد (طالب)	طائفہ شاگرد (طالبہ)

(۴) جانوروں کے وہ اسما جن کے نر اور مادی جنس کے ظاہر کرنے کے لئے۔ لفظ (نرنگا) اور (مادینگا) نام کے سامنے بطور سابقہ لگائے جاتے ہیں۔ چارٹ ملاحظہ ہو۔

مثال :۔

نر ذات (مذکر)	مادہ ذات (مونث)	نرذات (مذکر)	مادہ ذات (مونث)
نرینگا مزار (شیر)	مادینگا مزار (شیرنی)	نرینگا مما (ریچھ)	مادینگا مما (ریچھنی)

نر ذات (مذکر)	مادہ ذات (مونث)	نر ذات (مذکر)	مادہ ذات (مونث)
نرنگا خرما (بجھیڑیا)	مادہنگا خرما (مادی بجھیڑیا)	نرنگا کپوت (کبوتر)	مادہنگا کپوت (کبوتری)
نرنگا جنخ (بطخ)	مادہنگا جنخ (مادی بطخ)	نرنگا توتی (مٹھو)	مادہنگا توتی (مادی مٹھو)
نرنگا شیر (شیر)	مادہنگا شیر (شیرنی)	نرنگا میہی (بھینسا)	مادہنگا میہی (بھینس)

(۳) آوار ذات (اسمائے مشترک)

مشترکہ جنس کے اسماء وہ ہیں جن سے پتہ نہیں چلتا ہے کہ اسم مذکر ہے یا مونث۔ اسم مذکر بھی ہو سکتا ہے۔ اور مونث بھی۔ لہٰذا اس قسم کے ناموں کو مشترک جنس کہتے ہیں۔

آوار ذات (اسم مشترک)	اردو معنی	
